euaa
EUROPEAN UNION
AGENCY FOR ASYLUM

CNA
COMMISSIONE NAZIONALE
PER IL DIRITTO DI ASILO

اٹلی

# آپ کو یورپی یونین میں سرحد پار پناہ کے عمل کے متعلق کیا جاننا ضروری ہے



URDU

**اب آپ اٹلی، میں ہیں جو ایک +EU ملک ہے۔**
**+EU کے ممالک ہیں:**

یورپی یونین (EU) کی 27 رکن ریاستیں: آسٹریا، اٹلی، ایسٹونیا، بلغاریہ، بیلجیم، پرتگال، پولینڈ، جرمنی، جمہوریہ آئرلینڈ، چیکیا، ڈینمارک، رومانیہ، سپین، سلواکیا، سلوینیا، سویڈن، فرانس، فن لینڈ، قبرص، کروشیا، لکسمبرگ، لیتھوینا، لیٹویا، مالٹا، نیدرلینڈز، ہنگری، یونان، اور

4 دیگر ممالک: آئس لینڈ، سوئٹزرلینڈ، لخٹنشٹائن، اور ناروے۔

## مشمولات


بین الاقوامی تحفظ (پناہ) کیا ہے؟ 3

پناہ کا عمل کیا ہے؟ 4

- سرحد پار پناہ کا عمل کیا ہے؟ 6
- اس میں کتنا عرصہ لگے گا؟ 7
- آپ کی درخواست کب اور کہاں رجسٹر کی جائے گی اور اسے کب اور کہاں جمع کیا جائے گا؟ -
- رجسٹریشن اور جمع کرنے کے وقت کیا ہوگا؟ -
- اگر آپ بچوں یا کسی زیرکفالت بالغ شخص کے ساتھ آئے ہیں تو طریقہ کار کیا ہوگا؟ -
- آپ کی درخواست پر کونسا ملک کام کرے گا؟ -
- آپ کی درخواست پر کس طرح کام کیا جائے گا؟ -
- آپ کو اپنی بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کا فیصلہ کس طرح ملے گا؟ -

آپ کے حقوق کیا ہیں؟ -

آپ کی ذمہ داریاں کیا ہیں؟ -

اگر آپ اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کریں گے تو کیا ہوگا؟ -

حکام خصوصی ضروریات پر کس طرح غور کریں گے؟ -

اگر آپ اپنے ملک واپس جانا چاہیں تو کیا ہوگا؟ -

## بین الاقوامی تحفظ کیا ہے؟

آپ کو بین الاقوامی تحفظ کی ضرورت اس صورت میں پڑ سکتی ہے اگر آپ اس وجہ سے اپنے ملک واپس نہیں جا سکتے کیونکہ آپ کو ظلم و ستم کا ڈر ہو یا شدید نقصان کا حقیقی خطرہ ہو۔ اس کا مطلب ہے کہ، مثال کے طور پر، آپ کی زندگی یا آزادی خطرے میں ہوگی اور آپ کے ملک کے حکام آپ کو پیش ہونے والے خطرے سے محفوظ نہیں رکھیں گے۔

بین الاقوامی تحفظ کے لئے درخواست کرنا آپ کا حق ہے۔

یورپ میں بین الاقوامی تحفظ کی مختلف شکلیں ہو سکتی ہیں: **پناہ گزین کا اسٹیٹس** یا **ذیلی تحفظ**۔

بین الاقوامی تحفظ کو پناہ بھی کہا جاتا ہے۔



## پناہ کا عمل کیا ہے؟

پناہ کے عمل کے دوران حکام تخمینہ کریں گے کہ کیا آپ کو بین الاقوامی تحفظ کی ضرورت ہے، اور اگر ہے تو آپ پر کس قسم کے تحفظ کا اطلاق ہوتا ہے۔ اس عمل کے دوران آپ کو اپنا گھر اور اپنا ملک چھوڑنے کی تمام وجوہات بتانے کا موقع ملے گا۔ افسران کو ملک چھوڑنے کی تمام وجوہات سچائی کے ساتھ بتائیں۔


بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کرنے کے بعد، آپ کو بین الاقوامی تحفظ کا درخواست گزار تصور کیا جاتا ہے۔



آپ حکام کو جو بھی معلومات دیں گے، اسے رازدار رکھا جائے گا۔ یہ معلومات کبھی بھی ان لوگوں کو نہیں دی جائے گی جن سے آپ تحفظ حاصل کر رہے ہیں۔

## پناہ کے عمل کے مراحل

پناہ کے عمل میں مندرجہ ذیل مراحل شامل ہیں۔



## سرحد پار پناہ کا عمل کیا ہے؟

سرحد پار پناہ کے عمل کا مطلب ہے کہ جب تک آپ کی درخواست پر کام ہو رہا ہے:

- آپ کو کسی مخصوص جگہ پر رہنا ہوگا اور
- آپ کو اجازت کے بغیر اٹلی میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہے۔



اگر آپ اپنے گھر والوں کے ساتھ آئے ہیں، تو آپ کو اپنے قریبی رشتہ داروں (شریک حیات، پارٹنر، نابالغ اور زیر کفالت بالغ بچوں) کے ساتھ رہائش دی جا سکتی ہے۔

**سرحد پار پناہ کے عمل مندرجہ ذیل میں سے کسی صورت میں قابل اطلاق ہو سکتا ہے:**



- آپ بے ضابطہ طریقے سے آئے تھے، اور آپ نے کسی بارڈر کراسنگ پر یا ٹرانزٹ کے علاقے میں بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کی تھی



- آپ نے بے قاعدہ طریقے سے سرحد پار کی تھی



- آپ کو سمندر میں بچایا گیا تھا



- آپ کو کسی دوسرے +EU ملک سے یہاں منتقل کیا گیا تھا۔

سرحد پار پناہ کا عمل کے اطلاق کی کئی وجوہات ہوتی ہیں، مثال کے طور پر، اگر:

- آپ نے جان بوجھ کر غلط معلومات یا جعلی دستاویزات فراہم کئے تھے، یا آپ نے اپنی شناخت یا قومیت کے متعلق معلومات نہیں بتائی تھی، یا آپ نے کوئی شناختی یا سفری دستاویز ضائع کر دی تھی؛ یا
- آپ کی وجہ سے سلامتی کو خطرہ ہے؛ یا
- آپ کے ملک سے تعلق رکھنے والے افراد جو بین الاقوامی تحفظ کے لئے درخواست کرتے ہیں، انہیں عام طور پر تشدد یا سنگین نقصان کا خطرہ نہیں ہوتا۔

آپ حکام سے پوچھ سکتے ہیں کہ آپ کے لئے سرحد پار پناہ کا عمل کیوں استعمال ہو رہا ہے۔

## اس میں کتنا عرصہ لگے گا؟



سرحد پار پناہ کے عمل میں آپ کی درخواست رجسٹر کرنے کے بعد 12 ہفتوں تک کا وقت لگتا ہے۔ اگر آپ کو کسی دوسرے +EU ملک منتقل کیا جائے، تو اس عمل میں 16 ہفتے تک کا وقت لگ سکتا ہے۔

اگر آپ کو اس دوران فیصلہ نہیں ملتا، تو آپ کو اس ملک میں داخل ہونے کی اجازت مل جائے گی جہاں آپ کی درخواست پر کام ہو رہا ہے۔

استثنائی حالات میں، ہو سکتا ہے کہ 12 یا 16 ہفتوں تک فیصلہ نہ ملنے کے باوجود بھی آپ کو علاقے میں داخل ہونے اور آزادی کے ساتھ نقل و حرکت کی اجازت نہ ملے۔ اگر آپ پر اس کا اطلاق ہوتا ہے تو حکام آپ کو بتا دیں گے اور آپ کو مزید وضاحتیں فراہم کریں گے۔

## آپ کی درخواست کب اور کہاں رجسٹر کی جائے گی اور اسے کب اور کہاں جمع کیا جائے گا؟

**31.10.2026** تک، بین الاقوامی تحفظ کے لیے آپ کی درخواست کو کویسٹورا )پولیس ہیڈ کوارٹر (اور بارڈر پولیس کے دفاتر میں اس تاریخ اور وقت پر رجسٹر اور باقاعدہ کیا جائے گا جو آپ کو بتائی جائے گی۔ رجسٹریشن اور باقاعدگی کا یہ عمل درخواست پیش کرنے یا تصدیق کے مکمل ہونے کے بعد زیادہ سے زیادہ **5دنوں** کے اندر ہونا ضروری ہے۔

یہ بہت ضروری ہے کہ آپ اس ملاقات پر جائیں اور اپنی درخواست کو باقاعدہ بنائیں۔ ورنہ درخواست کو واپس لیا ہوا تصور کیا جائے گا، الا یہ کہ کوئی ایسی وجہ ہو جو آپ کے اختیار سے باہر ہو۔ اگر حکام اسے واپس لی گئی درخواست سمجھتے ہیں، تو آپ درخواست گزار کی حیثیت، امداد اور خدمات کا حق، اور اس ملک میں رہنے کا حق بھی کھو دیں گے۔



## رجسٹریشن اور جمع کرنے کے وقت کیا ہوگا؟



آپ کی انگلیوں کے نشانات لئے جائیں گے۔



آپ کی تصویر لی جائے گی۔




آپ سے اپنے شناختی، سفری اور دیگر تمام متعلقہ دستاویزات پیش کرنے کو کہا جائے گا۔



آپ سے آپ کے ذاتی کوائف فراہم کرنے کا تقاضا کیا جائے گا۔

علاوہ ازیں، آپ سے یہ بھی دریافت کیا جائے گا کہ آیا اٹلی یا یورپی یونین کے کسی دیگر رکن ملک (UE+)میں آپ کے خاندان کے افراد مقیم ہیں یا نہیں۔ مزید برآں، وہ دیگر معلومات بھی یکجا کریں گے، جیسے کہ آپ کی بولی جانے والی زبانیں اور آپ کی ممکنہ مخصوص ضروریات۔



آپ سے اپنی رابطے کی تفصیلات (پتہ، ٹیلی فون نمبر اور ای میل ایڈریس) فراہم کرنے کو کہا جائے گا۔



آپ اور آپ کے سامان کی تلاشی لی جا سکتی ہے۔ آپ کا ذاتی سامان آپ کا ہی رہے گا اور اسے آپ کو واپس کر دیا جائے گا، لیکن اس میں وہ سامان شامل نہیں ہوگا جسے خطرناک تصور کیا جاتا ہے۔



ہو سکتا ہے کہ آپ کو طبی معائنہ بھی کروانے کی ضرورت پڑے۔



آپ سے اپنی درخواست کو مضبوط کرنے والے تمام معلومات اور دستاویزات جمع کرنے کو کہا جائے گا۔ اس میں مندرجہ ذیل کے متعلق معلومات اور دستاویزات شامل ہیں:

- آپ کا آبائی ملک اور ہر وہ ملک جہاں آپ رہ چکے ہیں
- آپ کے ملک چھوڑنے اور واپس جانے کی خواہش نہ ہونے کی وجوہات
- آپ اور آپ کے گھر والوں کا پس منظر
- یورپ آنے اور یورپ سے گزرنے کے دوران آپ کے سفر کی تفصیلات
- بین الاقوامی تحفظ کی ماضی میں کوئی بھی درخواستیں۔

ان مرحلوں کی ترتیب مختلف ہو سکتی ہے، لیکن تمام درخواست گزاروں کے ساتھ ایک جیسا سلوک ہوگا۔ حاصل کئے جانے والے ڈیٹا کو قومی اور یورپی ڈیٹا بیسز میں محفوظ رکھا جائے گا۔

سچ بولنا اور حکام کے ساتھ تعاون کرنا آپ کی ذمہ داری بھی ہے اور آپ کے بہترین مفادات میں بھی ہے۔



[رجسٹریشن کے بعد آپ کو ایک سرکاری دستاویز ملے گا جس میں لکھا ہوگا کہ آپ کی درخواست ڈال دی گئی ہے اور اسے رجسٹر کر لیا گیا ہے۔] اپنی درخواست جمع کرنے کے بعد، آپ کو ایک سرکاری دستاویز ملے گا جس میں لکھا ہوگا کہ آپ بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزار ہیں۔

یہ ہر وقت آپ کے پاس ہونا چاہیے۔

## اگر آپ بچوں یا کسی زیرکفالت بالغ شخص کے ساتھ آئے ہیں تو عمل کیا ہوگا؟



اگر آپ ان کے ساتھ آئے تھے:

- اپنے 18 سال سے کم عمر کے بچے، یا
- 18 سال سے کم عمر کے بچے جن کے لئے آپ قانونی طور پر ذمہ دار ہیں

تو انہیں بھی بین الاقوامی تحفظ کے لئے درخواست کرنے کی ضرورت ہوگی۔ بچوں کو آپ کے ساتھ حکام کے پاس جانے کی ضرورت ہے۔

اگر آپ کے بچوں کی عمر 18 سال یا اس سے زیادہ ہے تو انہیں اپنی درخواست خود جمع کروانی ہوگی۔



اگر آپ کسی ایسے شخص کے لئے ذمہ دار ہیں جس کی عمر 18 سال یا اس سے زیادہ ہے اور جنہیں ایسی معذوری ہے جس کی وجہ سے ان کے لئے خود فیصلے کرنا ممکن نہیں ہے، تو آپ ان کی طرف سے بین الاقوامی تحفظ کے لئے درخواست کر سکتے ہیں اور درخواست جمع کروا سکتے ہیں۔

اس شخص کو درخواست جمع کرواتے وقت آپ کے ساتھ ہونا چاہیے۔



## آپ کی درخواست پر کونسا ملک کام کرے گا؟




آپ کو اس بات کی ضمانت دی جاتی ہے کہ کوئی +EU ملک آپ کی بین الاقوامی تحفظ کی درخواست پر کام کرے گا۔ آپ وہ ملک خود نہیں منتخب کر سکتے۔

حکام ایک طریقہ کار کے تحت فیصلہ کریں گے کہ کونسا +EU ملک آپ کی بین الاقوامی تحفظ کی درخواست پر کام کرنے کا ذمہ دار ہے۔ اسے ذمہ داری کے تعین کا عمل کہا جاتا ہے۔

اس مقصد کے لئے، آپ کو حکام کو مندرجہ ذیل باتیں بتانی ہوں گی۔

- کیا آپ کے خاندان کا کوئی فرد کسی دوسرے +EU ملک میں رہتا ہے۔
- کیا کسی دوسرے +EU ملک نے آپ کو ماضی میں ویزا یا رہائشی دستاویز جاری کیا تھا۔ (ویزا آپ کو کسی ملک جانے کی اجازت دیتا ہے۔ یہ آپ کے پاسپورٹ پر ایک مہر کی شکل میں ہو سکتا ہے۔ ایک رہائشی دستاویز ایک ایسا دستاویز ہے جو آپ کو ملک میں رہنے کی اجازت دیتا ہے۔)
- کیا آپ پہلے کسی دوسرے +EU ملک میں داخل ہوئے تھے۔
- کیا آپ نے پہلے کسی +EU ملک میں بین الاقوامی تحفظ کے لئے درخواست دی ہے۔
- کیا کسی دوسرے +EU ملک نے آپ کو کوئی تعلیمی ڈپلوما یا سند جاری کی تھی۔

اگر حکام سمجھتے ہیں کہ آپ کے درخواست پر کام کرنے کی ذمہ داری کسی دوسرے +EU ملک کی ہے، تو آپ کو اس عمل، آپ کے حقوق اور آپ کی ذمہ داریوں کے بارے میں مزید تفصیلی معلومات ملے گی۔

آپ کو ایک علیحدہ کتابچے جس کا عنوان ہے »پناہ گزینی اور ہجرت کے انتظام کے ضوابط کے بارے میں آپ کو کیا جاننا ضروری ہے« میں مزید معلومات ملے گی۔

## ◆ آپ کی درخواست پر کس طرح کام کیا جائے گا؟

### قابل غور ہونے کا معائنہ

بعض صورتوں میں آپ کی درخواست کا پیشگی معائنہ ہوگا۔

اس پیشگی معائنے کو قابل غور ہونے کا معائنہ کہا جاتا ہے اور اس میں 2 مہینے تک کا وقت لگتا ہے۔

اس کا مطلب ہے کہ حکام پہلے مندرجہ ذیل پانچ سوالات پر نظر ڈالیں گے۔

- کیا آپ کو پہلے ہی کسی دوسرے +EU ملک میں بین الاقوامی تحفظ مل چکا ہے؟
- کیا آپ کو پہلے ہی EU سے باہر کسی ملک میں بین الاقوامی تحفظ مل چکا ہے، جہاں آپ محفوظ ہیں اور جہاں آپ واپس جا سکتے ہیں؟
- کیا آپ کسی دوسرے ملک واپس جا سکتے ہیں جہاں آپ محفوظ ہیں اور جہاں آپ کی بین الاقوامی تحفظ کی درخواست پر کام کیا جا سکتا ہے؟
- کیا آپ نے واپسی کا فیصلہ ملنے کے 7 روز سے زیادہ عرصے کے بعد بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کی تھی؟
- کیا کسی بین الاقوامی فوجداری عدالت یا ٹربیونل نے آپ کو کسی دوسرے ملک میں محفوظ نقل مکانی فراہم کی ہے، یا کیا کسی فوجداری عدالت یا ٹربیونل میں یہ عمل جاری ہے؟
- کیا آپ نے نئے عناصر کی فراہمی کے بغیر اپنی درخواست کے مسترد ہونے کے بعد، دوبارہ بین الاقوامی تحفظ کے لئے درخواست دی تھی؟ نئے عناصر میں نئے حقائق یا ثبوت شامل ہو سکتے ہیں جس سے یہ ظاہر ہو کہ آپ کو بین الاقوامی تحفظ کی ضرورت ہے۔



ان سوالات کے جوابات دینے کے لیے آپ کو انٹرویو کے لیے طلب کیا جا سکتا ہے۔ یہ **قبولیت کا انٹرویو** ہے۔ انٹرویو کے دوران آپ سے یہ بھی دریافت کیا جا سکتا ہے کہ آپ نے بین الاقوامی تحفظ کے لیے درخواست کیوں دائر کی ہے اور آپ اپنے ملک واپس کیوں نہیں جانا چاہتے۔۔

آپ کی ذاتی صورتحال اور ان کے سوالات کے دیے گئے جوابات کی بنیاد پر:

ہو سکتا ہے وہ آپ کی درخواست قبول نہ کریں، یا

طریقہ کار آگے بڑھے گا اور حکام اس بات کا جائزہ لیں گے کہ آیا آپ کو بین الاقوامی تحفظ کی ضرورت ہے یا نہیں۔

**بین الاقوامی تحفظ کی منظوری کے لیے مجاز علاقائی کمیشن** جو آپ کی درخواست کی جانچ پڑتال کا ذمہ دار ہے آپ کو مطلع کرے گا کہ آیا آپ کے معاملے میں قبولیت کی جانچ )امیسیبلٹی ٹیسٹ (لاگو ہوتی ہے یا نہیں اور آپ کو مزید وضاحت فراہم کرے گا۔

## آپ کی درخواست پر کس طرح کام کیا جائے گا؟

### آپ کی درخواست پر کام

حکام اس بات پر نظر ڈالیں گے کہ کیا آپ کو بین الاقوامی تحفظ کی ضرورت ہے۔



آپ کو ایک **ذاتی انٹرویو** میں بلایا جائے گا۔

آپ کو یہ دعوت نامہ بذریعہ ڈاک / بذریعہ ای میل / جمع کرنے کے بعد / بذریعہ الیکٹرانک اکاؤنٹ / آپ کے ہاتھ میں دیا جائے گا۔

یہ انٹرویو آمنے سامنے یا استثنائی حالات میں ریموٹ طور پر ہوگا۔

انٹرویو کو آڈیو ریکارڈ کیا جائے گا۔

یہ انٹرویو آپ کے لئے بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کرنے اور اپنے ملک واپس نہ جانے کی خواہش رکھنے کی وجوہات تفصیل سے بیان کرنے کا موقع ہے۔
آپ کو ذاتی **انٹرویو** میں حاضر ہونے اور وقت پر پہنچنے کی ضرورت ہے۔ اگر آپ کسی سنگین اور مجاز وجہ کے بغیر ذاتی انٹرویو کے لئے نہیں آتے، تو تصور کیا جائے گا کہ آپ نے اپنی درخواست واپس لے لی ہے، اور اس پر مزید کام نہیں کیا جائے گا۔ اگر آپ بغیر کسی ٹھوس وجہ کے، انٹرویو کے دوران سوالات کا جواب دینے سے انکار کریں گے، تو اس وقت بھی تصور کیا جائے گا کہ آپ نے اپنی درخواست واپس لے لی ہے۔

ہر بالغ درخواست گزار کا الگ الگ انٹرویو ہوگا۔

آپ کے بچوں کو انٹرویو کا موقع ملے گا۔

ذاتی انٹرویو کے بعد آپ کی درخواست کا تخمینہ کیا جائے گا۔ حکام فیصلہ کریں گے کہ کیا آپ کو بین الاقوامی تحفظ ملے گا یا نہیں۔

استثنا کے طور پر، ہو سکتا ہے کہ ذاتی انٹرویو نہ ہو۔ اگر آپ پر اس کا اطلاق ہوتا ہے تو حکام آپ کو بتا دیں گے۔

# طبی معائنہ



حکام ماضی میں تشدد یا سنگین نقصان کی علامات کے حوالے سے آپ سے طبی معائنہ کروانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ یہ معائنہ مفت ہوگا اور آپ کو اس کے لئے رضامندی دینے کو کہا جائے گا۔

آپ کو معائنے کے نتائج کے متعلق بتایا جائے گا اور ان نتائج کو آپ کی درخواست کے تخمینے کے دوران خاطر میں لیا جائے گا۔ اگر حکام معائنے کی درخواست نہیں کرتے، تو آپ اپنے خرچ پر اس معائنے کی درخواست کر سکتے ہیں۔

## آپ کو اپنی بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کا فیصلہ کس طرح ملے گا؟



آپ کو، یا اگر آپ کا کوئی قانونی مشیر ہو تو انہیں، بذریعہ ڈاک / الیکٹرانک طریقے سے / آمنے سامنے تحریری شکل میں ایک فیصلہ بھیجا جائے گا۔ آپ کو فیصلے کے متعلق اس زبان میں بتایا جائے گا جو آپ کو سمجھ آتی ہو۔

اگر فیصلہ منفی ہو تو اس میں وجوہات سمجھائی جائیں گی اور آپ کو اپنے ملک واپس جانے کا فیصلہ جاری کیا جائے گا۔

### اپیل کرنا کس حد تک ممکن ہے



اگر آپ فیصلے سے متفق نہ ہوں تو آپ اسے اپیل کر سکتے ہیں۔ اس کا مطلب ہے کہ ایک عدالت فیصلے کی نظرثانی کرے گی۔ آپ اپیل میں مدد کے لئے ایک مفت قانونی مشیر کی درخواست کر سکتے ہیں۔

**سرحد پار پناہ کے عمل میں آپ کو عدالت کی اجازت کے بغیر اپیل کے دوران ملک میں رہنے کی اجازت نہیں ہے۔**

آپ درخواست کر سکتے ہیں کہ آپ کو اپیل کے دوران رہنے کی اجازت دی جائے۔

آپ کو فیصلے میں بتائی گئی مخصوص میعاد کے اندر اپنی اپیل پیش کرنے اور رہنے کی درخواست پیش کرنے کی ضرورت ہے۔ منفی فیصلہ ملنے کی صورت میں آپ کو اس کے بارے میں مزید تفصیلی معلومات ملے گی۔

اگر آپ کے پاس کسی دوسری وجہ سے رہنے کا حق نہ ہو، تو آپ کو بتائی گئی تاریخ سے پہلے اٹلی چھوڑ کر جانا ہوگا۔ اگر آپ اپنی مرضی سے نہیں جائیں گے تو آپ کو زبردستی واپس بھیجا جا سکتا ہے۔

## آپ کے حقوق کیا ہیں؟

**بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کے فیصلے کا انتظار کرنے کے دوران، آپ استقبال کی معاونت اور سہولیات حاصل کرنے کا حق رکھتے ہیں**



بحیثیت درخواست گزار، آپ اصولی طور پر مندرجہ ذیل کا حق رکھتے ہیں:

- درخواست پر کام مکمل ہونے تک سرحد پر متعین کردہ جگہ پر، درخواست پر کام کے ذمہ دار ملک میں رہنے کا حق، اور
- استقبال کی سہولیات اور معاونتیں حاصل کرنے کا حق۔

آپ کو ایک علیحدہ کتابچے میں استقبال کی معاونت اور ملنے والی سہولیات کے متعلق معلومات ملے گی۔



## آپ کو ترجمہ/ترجمانی کی سہولیات حاصل کرنے کا حق ہے

اگر آپ اطالوی نہیں بولتے، تو ایک مترجم آپ کو آپ کی درخواست کی رجسٹریشن اور جمع کرنے کے علاوہ آپ کے ذاتی انٹرویو کے دوران حکام سے بات کرنے میں مدد کریں گے۔ مترجم کی خدمات مفت ہیں۔



مترجم غیر جانبدار ہیں، یعنی وہ کسی کی طرفداری نہیں کرتے۔ وہ رازداری کا احترام کرتے ہیں اور اہل حکام کے علاوہ کسی کو بھی آپ کی کوئی بھی بات نہیں بتائیں گے۔

مترجم آپ کی درخواست کے فیصلے کو کسی طرح متاثر نہیں کرتا۔

اگر آپ کو مترجم کی بات سمجھ میں نہ آئے یا آپ کے خیال میں مترجم غیرجانبدار نہ ہو تو حکام کو فوراً بتائیں۔

## اگر اس سے آپ کو اپنے خیالات کا بہتر طور پر اظہار کرنے میں مدد ملتی ہے تو آپ اپنے ذاتی انٹرویو کے لئے مرد یا خاتون مترجم کی درخواست کر سکتے ہیں

آپ کی وجوہات کی بنیاد پر، اور اگر مترجم دستیاب ہو، تو آپ کی درخواست کو پورا کیا جائے گا۔



## آپ قانونی مشیر (وکیل) سے مشورہ کر سکتے ہیں



قانونی مشیر اس شخص کو کہا جاتا ہے جو حکام سے بات کرتے وقت آپ کو ذاتی قانونی معاونت یا نمائندگی فراہم کرے۔ قانونی مشیر حکام سے آزاد ہوتے ہیں اور آپ کے مفادات کا دفاع کرتے ہیں۔ ایک قانونی مشیر آپ کو بین الاقوامی تحفظ کی درخواست، پناہ کے عمل، اور سرکاری مواصلت میں مدد کر سکتے ہیں اور وہ ذاتی انٹرویو کے دوران آپ کے ساتھ موجود ہو سکتے ہیں۔

آپ کو اپنے خرچ پر پناہ کے عمل کے دوران کسی بھی مرحلے پر قانونی مشیر سے مشورے کا حق حاصل ہے۔

اگر آپ کے پاس قانونی نمائندگی کی فیس ادا کرنے کے لیے مالی وسائل دستیاب نہیں ہیں، تو آپ اپیل کے دوران کسی قانونی مشیر کی مفت معاونت کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

درخواست کی رجسٹریشن )اندراج (کے بعد قانونی مشیر مفت فراہم کیا جائے گا۔

اگر آپ کسی مخصوص قانونی مشیر کے ساتھ کام کرنا چاہتے ہیں تو جلد از جلد حکام کو ان کی رابطے کی تفصیلات بتائیں۔

حکام کو اپنے قانونی مشیر کی تفصیلات بتائیں تاکه وہ انہیں آپ کی درخواست کے متعلق بتا سکیں۔

## آپ معلومات حاصل کرنے اور مفت قانونی مشاورت کی درخواست کرنے کا حق رکھتے ہیں

آپ پناہ کے عمل کے دوران مفت قانونی مشاورت کی درخواست کر سکتے ہیں۔ اس میں آپ کو آپ کی درخواست جمع کرنے میں مدد کے لئے قانونی مشاورت شامل ہے۔

قانونی مشاورت کا مطلب ہے کہ آپ کو ان معاملات کے بارے میں وضاحت مل سکتی ہے:

- آپ کے حقوق اور آپ کی ذمہ داریاں
- مختلف طریقہ کار
- قانونی مسائل۔



آپ اس معلوماتی مرکز )سینٹر (سے، جہاں آپ مقیم ہیں، معلومات اور قانونی مشاورتی خدمات حاصل کرنے کی درخواست کر سکتے ہیں

## آپ اقوام متحدہ کی ایجنسی برائے پناہ گزین (UNHCR) یا دیگر اداروں سے رابطہ کر سکتے ہیں

آپ پناہ کے عمل کے دوران کسی بھی وقت UNHCR یا ان کے پارٹنر اداروں سے رابطہ اور مواصلت کر سکتے ہیں۔

UNHCR پناہ تلاش کرنے والوں اور پناہ گزین کے مفادات اور حقوق کا تحفظ کرتے ہیں۔ UNHCR یا ان کے پارٹنر ادارے پناہ تلاش کرنے والوں کو معلومات اور مدد بھی فراہم کرتے ہیں۔




UNHCR کی رابطے کی تفصیلات اور پناہ کے عمل کے متعلق معلومات UNHCR کے ویب پیج https://help.unhcr.org/ پر موجود ہیں۔

آپ درخواست گزاروں کو قانونی مشورے یا کسی دوسری قسم کی مشاورت فراہم کرنے والے کسی دوسرے ادارے سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

# آپ کی ذمہ داریاں کیا ہیں؟

## اس ملک کے قوانین کی پابندی کریں



## آپ نے بین الاقوامی تحفظ کے لئے جس ملک میں درخواست دی ہے، وہیں رہیں




کسی دوسرے +EU ملک جانے کی کوشش نہ کریں۔
آپ کو جس مخصوص جگہ پر رہنے کے لئے کہا گیا ہے، اسے چھوڑ کر مت جائیں۔
آپ صرف اسی صورت میں کسی دوسرے +EU ملک جا سکیں گے اگر حکام آپ کو ایسا کرنے کی اجازت دیں۔

## اس بات کو یقینی بنائیں کہ حکام آپ سے رابطہ کر پائیں اور آپ اپنی ملاقاتوں میں شرکت کریں




جب بھی حکام آپ کو درخواست کریں، آپ کو روبرو تمام اپوائنٹمینٹس پر جانا ہوگا۔ آپ کو وہاں وقت پر پہنچنے کی ضرورت ہے۔ اگر آپ کسی سنگین وجہ سے اپوائنٹمینٹ میں نہ جا پائیں تو حکام کو فوراً بتائیں اور اس کی وجہ بیان کریں۔

## حکام کے ساتھ مکمل تعاون کریں



درخواست پر آپ کو یہ کام کرنے ہوں گے۔

- اپنی ذاتی تفصیلات فراہم کریں۔




- شناختی دستاویزات فراہم کریں۔ اگر آپ کے پاس نہ ہوں تو اس کی وجہ بتائیں۔



- اپنی انگلیوں کے نشانات دیں اور اپنی تصویر بنائیں۔



- کسی مقرر کردہ تاریخ اور جگہ پر اپنی درخواست جمع کروائیں۔
- ذاتی انٹرویو میں جائیں اور انٹرویو کے دوران سوالات کے جوابات دیں۔



- اگر حکام درخواست کریں تو اپنی اور اپنے سامان کی تلاشی کے لئے رضامندی دیں۔ تلاشی صرف اسی صورت میں ہوگی اگر اسے ضروری سمجھا جائے اور اس کا جواز موجود ہو۔ حکام تلاشی کی وجوہات سمجھائیں گے۔ یہ تلاشی آپ کی ہی جنس رکھنے والے شخص سے کروائی جائی گی، اور اسے آپ کے وقار کا احترام کرتے ہوئے کیا جائے گا۔

## سچ بتائیں



آپ جو بھی کہیں گے وہ آپ کی درخواست کی معتبری کے لئے بہت ضروری ہے۔ اسی لئے آپ کے لئے سچ بولنا، اور اپنی شناخت، خاندان، آبائی ملک، آبائی ملک چھوڑنے کی وجوہات اور واپس نہ جانے کی خواہش کی وجوہات کے بارے میں مکمل اور درست معلومات فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔

ہو سکتا ہے کہ آپ کو سب کچھ یاد نہ ہو، اور آپ اس وجہ سے تمام سوالات کے جوابات نہ دے پائیں۔ اگر ایسا ہو تو جھوٹے جوابات نہ دیں، بلکہ یہ بتائیں کہ آپ کو یاد نہیں ہے۔

## براہ مہربانی رابطے کی درست تفصیلات فراہم کریں اور رابطے کو ممکن رکھیں




ضروری ہے کہ حکام بین الاقوامی تحفظ کی درخواست کے سلسلے میں آپ سے رابطہ کر پائیں۔

اگر آپ کا پتہ، ای میل یا ٹیلی فون نمبر تبدیل ہوں تو حکام کو فوری طور پر بتائیں۔

## عوامی تحفظ کے حکام )پولیس انتظامیہ (اور علاقائی کمیشن )ٹیریٹوریل کمیشن (کو اپنی درخواست کی تائید میں تمام معلومات اور جملہ دستاویزات فراہم کرنا

اگر آپ کے پاس کوئی شناختی دستاویزات ہیں تو آپ کو انہیں جلد از جلد پیش کرنے کی ضرورت ہے۔

آپ کو وہ باقی تمام معلومات اور دستاویزات جمع کرنے ہوں گے جن کی مدد سے حکام کے لئے آپ کی درخواست پر کام کرنے کے ذمہ دار ملک کا فیصلہ یا آپ کی درخواست پر کام کرنا ممکن ہوگا۔ یہ دستاویزات، مثال کے طور پر پاسپورٹ، شادی کی سند، خاندانی کتاب، فوجی شناختی کارڈ، ملازمت کا ثبوت، کسی سیاسی پارٹی کی رکنیت کا کارڈ، اسناد، عدالتی اور پولیس کے رپورٹس، تصویریں، اور طبی یا نفسیاتی دستاویزات ہو سکتے ہیں۔

آپ کو ایسے دستاویزات جمع کروانے کی ضرورت نہیں ہے جن میں آپ کے ملک کے متعلق عمومی معلومات ہے۔ پناہ کے حکام آپ کے ملک کے حالات جانتے ہیں۔





اپنی درخواست کو باقاعدہ کرتے وقت آپ کو تمام معلومات اور جملہ دستاویزات جلد از جلد فراہم کرنی چاہئیں۔ اگر اس وقت آپ کے پاس تمام دستاویزات موجود نہ ہوں، تو جیسے ہی وہ آپ کو حاصل ہوں، آپ انہیں انفرادی انٹرویو کے دوران یا اپنی درخواست پر فیصلے کے انتظار کے دوران ان طریقوں اور اس وقت کے اندر فراہم کریں جو آپ کو بتائے جائیں گے۔

جس حد تک ممکن ہو، اصلی دستاویزات پیش کرنا ضروری ہے۔ آپ کو کوئی بھی شناختی دستاویزات تباہ نہیں کرنے چاہیے اور نہ ہی انہیں پھینکنا چاہیے۔ آپ کو کوئی بھی متعلقہ دستاویزات پیش نہ کرنے کی کوشش نہیں کرنی چاہیے۔ آپ کو کبھی بھی کوئی جعلی دستاویز نہیں پیش کرنا چاہیے۔

اگر ممکن ہو، اور جس حد تک محفوظ ہو، اپنے دوستوں یا رشتہ داروں سے آپ کو یہ دستاویزات بھجوانے کی درخواست کریں۔

## اگر آپ اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کریں گے تو کیا ہوگا؟

### آپ کے پناہ کے عمل کو روک دیا جائے گا




ایسا اس صورت میں ہو سکتا ہے، اگر:

- آپ درخواست ملنے پر معلومات فراہم کرنے سے انکار کرتے ہیں
- آپ اپنی انگلی کے نشانات دینے یا اپنی تصویر کھنچوانے سے انکار کرتے ہیں
- اپنے ذاتی انٹرویو کے دوران سوالات کے جوابات دینے سے انکار کرتے ہیں۔

ایسا اس صورت میں بھی ہوگا اگر:

- آپ بغیر کسی ٹھوس وجہ کے، مقرر کردہ میعاد میں اپنی درخواست جمع نہیں کرتے
- آپ بغیر کسی ٹھوس وجہ کے، ذاتی انٹرویو میں نہیں جاتے
- آپ درخواست ملنے پر حکام کو رپورٹ نہیں کرتے
- آپ کو جہاں ٹھہرنے کی ضرورت ہے، وہاں نہیں رہتے
- حکام آپ سے رابطہ نہیں کر سکتے
- آپ ملک چھوڑ کر جاتے ہیں۔

آپ کی درخواست کو **واپس لی گئی یا مسترد** تصور کیا جائے گا۔
اس کا مطلب ہے کہ آپ بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزار کے طور پر اپنا اسٹیٹس اور اس سے وابستہ تمام حقوق کھو سکتے ہیں۔

آپ پناہ کے عمل کے دوران کسی بھی وقت اپنی درخواست واپس لینے کا فیصلہ کر سکتے ہیں، مثال کے طور پر، اس وجہ سے کہ آپ نے اپنے ملک واپس جانے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس صورت میں آپ بین الاقوامی تحفظ کے طور پر اپنا اسٹیٹس کھو دیں گے۔

## بعض قسم کی استقبال کی معاونتیں اور بعض سہولیات کم کی جا سکتی ہیں یا ختم کی جا سکتی ہیں



بعض حالات میں، پریفیکتورا (Prefettura) آپ کی صورتحال کا جائزہ لینے کے بعد، بعض اقسام کی امداد یا کچھ خدمات کو کم کرنے یا منسوخ کرنے کا فیصلہ کر سکتا ہے اور آپ کو اپنے فیصلے سے تحریری طور پر مطلع کرے گا۔

آپ مزید معلومات ایک دوسرے کتابچے میں تلاش کر سکتے ہیں جس کا عنوان ہے »مبلمه پالنه )حفاظتی تحویل (میں حقوق اور فرائض«۔

## آپ کی درخواست منفی طور پر متاثر ہو سکتی ہے



اگر آپ اپنی شناخت یا اپنی درخواست کے حوالے سے گمراہ کن یا غلط معلومات فراہم کرتے ہیں یا اگر آپ دستاویزات تباہ کرتے ہیں یا جعلی دستاویزات فراہم کرتے ہیں، تو اس سے آپ کی درخواست منفی طور پر متاثر ہو سکتی ہے۔ آپ کی درخواست مسترد ہو سکتی ہے اور آپ کو بین الاقوامی تحفظ نہیں دیا جائے گا۔

اگر حکام کو بعد میں معلوم ہو کہ آپ نے پناہ کے عمل کے دوران سچ نہیں بتایا تھا، تو ممکن ہے کہ آپ بین الاقوامی تحفظ سے محروم ہو جائیں۔

## اگر آپ کو ضرورت پڑے تو آپ کو خصوصی معاونت ملے گی

اگر آپ کو خصوصی معاونت کی ضرورت ہو تو آپ کو حکام کو جلد از جلد بتا دینا چاہیے۔ یہ ضروریات کئی مختلف حالات، جیسے کہ حمل، بیماری یا نفسیاتی، جسمانی یا جنسی تشدد کی وجہ سے پیدا ہو سکتی ہیں۔

حکام آپ کے حالات کا جائزہ لیں گے اور ہو سکتا ہے کہ پناہ کے عمل میں آپ کی شرکت کو زیادہ آسان بنانے کے لئے مزید معاونت بھی فراہم کریں۔ مثال کے طور پر، وہ آپ کے کیس کے لئے ماہر عملہ متعین کر سکتے ہیں یا پناہ کے عمل کا دورانیہ تبدیل کر سکتے ہیں۔



## اگر آپ اپنے ملک واپس جانا چاہیں تو کیا ہوگا؟

آپ پناہ کے عمل کے دوران کسی بھی وقت اپنی مرضی سے:

- اپنے ملک، یا
- اگر آپ کے پاس حق ہو تو کسی ٹرانزٹ کے ملک یا کسی تیسرے ملک جا سکتے ہیں۔

اگر آپ اپنی مرضی سے واپس جانے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو آپ کے پناہ کے عمل کو روک دیا جائے گا یا مسترد کر دیا جائے گا اور آپ کے پاس اٹلی میں رہنے کا حق نہیں رہے گا۔

اگر آپ رضاکارانہ طور پر جانے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو استقبالیہ مرکز کے انچارج یا براہِ راست متعلقہ امیگریشن آفس سے رابطہ کریں۔ آپ محفوظ اور قانونی ضوابط کے مطابق واپسی کے لیے مشاورت اور معاونت حاصل کر سکتے ہیں



## معلومات ملنے کی تصدیق

ایک افسر آپ کو اس بات کی تصدیق کرنے کو کہیں گے کہ آپ کو یہ معلومات مل گئی ہے۔

اگر آپ کو کوئی چیز سمجھ نہ آئے یا اگر آپ مزید کچھ سوال پوچھنا چاہیں تو آپ کبھی بھی سوال پوچھ سکتے ہیں۔

یہ کتابچہ صرف معلوماتی مقاصد کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ اس سے اپنے آپ میں حقوق یا ذمہ داریاں تخلیق نہیں ہوتیں۔ یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ (EUAA) نے اس مواد کا مرکزی حصہ فراہم کیا ہے، اور EUAA نے صرف EU کی رکن ریاستوں کو اس کی نقل بنانے اور اسے تبدیل کرنے کی اجازت دی ہے۔ EUAA، یورپی یونین کی رکن ریاستوں یا کسی بھی ذمہ دار فریقِ ثالث کی طرف سے اس کتابچے میں شامل کی جانے والی معلومات کے درست ہونے، `مشمولات، مکمل ہونے، قانونی طور پر درست ہونے، یا معتبر ہونے کے سلسلے میں کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ نہ تو EUAA اور نہ ہی EUAA کی طرف سے اقدام کرنے والا کوئی شخص اس کتابچے میں موجود معلومات کے کسی بھی استعمال کا ذمہ دار ہے۔

© یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ، 2025

ISBN 000-00-00-00000-0
doi:00.0000/0000000
AA-00-00-000-UR-C